AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 14 October 2026
Time : 09:25 / AM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں منعقد ہونے والی **"Brihattar Bharat"** کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس سے ورچول طریقے سے خطاب کریں گے۔اس **3** روزہ کانفرنس میں دنیا بھر میں بھارت کے ثقافتی روابط کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔کانفرنس میں **50** ممالک کے مندوبین،سفیر اور دانشور شرکت کررہے ہیں۔چین،جاپان منگولیہ،نیپال اور ایران سمیت مختلف ممالک کے شرکاء مشترکہ ثقافتی ورثے اور تہذیبوں کے درمیان تبادلے سے متعلق مباحثوں میں حصہ لیں گے۔

BIMSTEC

نئی دلی میں منعقد ہوئی **BIMSTEC** کے وزرائے داخلہ کی پہلی میٹنگ دلی اعلامیہ کو اپنائے جانے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا ہے۔اعلامیہ کی رو سے **BIMSTEC** ممالک نے سرحد پار دہشت گردی سمیت ہر نوعیت کی دہشت گردی اور انتہا پسندی کی مذمت کی ہے۔اعلامیہ میں اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق دہشت گردی اور اس کو ہوا دینے والے عناصر کے خلاف آواز بلند کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔دلی اعلامیہ میں ہیومن ٹریفکنگ اور منشیات کے کاروبار کے خلاف کاروائی سے متعلق حتمی لائحہ پر عمل درآمد کرنے پر بھی زور دیا گیا ہے۔اس سے قبل

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے منشیات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں BIMSTEC کے رول کو اہمیت کا حامل قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ بھارت اس سلسلے میں ایک جامع اور منظم لائحہ عمل اپنا رہا ہے۔

-----Amit Shah-----

CMدربار مو

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے دربار کے ساتھ جانے والے ملازمین کو ہر طرح کی سہولیات دستیاب کرانے پر زور دیا ہے۔سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران آنے والے دربار مو کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ دربار کی منتقلی کے دوران قومی شاہراہ پر ٹرانسپورٹیشن، معیاری خوراک اور طبی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔وزیر اعلیٰ نے افسروں پر زور دیا کہ وہ سول سیکرٹریٹ جموں اور وہاں کی رہائشی کالونیوں میں ملازمین کیلئے مناسب اقامتی سہولیات، خصوصی بس سروس، مناسب صفائی ستھرائی اور بلاخلل لازمی خدمات دستیاب کرائیں۔

اونی لواسا

سیکرٹری سیاحت اونی لواسا نے کل ایک میٹنگ کے دوران شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر SKICC کی مجموعی کارگزاری کا جائزہ لیا۔سینٹر کے ڈائریکٹر جنرل مفتی فریدالدین نے سیکرٹری موصوفہ کو ادارے کی سرگرمیوں، بکنگس اور مالی حصولیابیوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔اونی لواسا نے ایس کے آئی سی سی کے مجموعی کام کاج میں مزید بہتری لانے کی ہدایت دی۔

ہتھیار برآمد

سیکورٹی فورسز نے پونچھ ضلعے کے سرنکوٹ میں سجھوان سیکٹر کے نزدیک ہتھیاروں اور گولی بارود کی ایک بڑی مقدار ضبط کی ہے۔یہ ہتھیار پولیس اور فوج کی ایک مشترکہ تلاشی کاروائی کے دوران برآمد کئے گئے۔ان میں ایک AK-47 رائفل، گولیوں کے 30 راؤنڈ، 6 ہتھ گولے اور کچھ طبی سازوسامان شامل ہے۔

ماک ڈرل

قاضی گنڈ کے ریلوے اسٹیشن پر کل رات دیر گئے پولیس کی جانب سے فدائین مخالف ماک ڈرل کا اہتمام کیا گیا۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ کولگام ضلعے کے ایس ایس پی عنایت علی چودھری کی نگرانی میں منعقد کی گئی اس ماک ڈرل میں پولیس کے علاوہ سی آر پی ایف، راشٹریہ رائفلز ، ریلوے پولیس اور ریلوے پروٹیکشن فورس کے جوانوں نے شرکت کی۔ ماک ڈرل کا مقصد کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فورسز کی پیشگی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔

ڈی سی پلوامہ

پلوامہ کے ڈپٹی کمشنر **K K** سدھا نے زراعت اور اس سے منسلک دیگر شعبوں کے ذریعے عملائی جارہی اسکیموں اور کسانوں کی بہبود پر مرکوز فلاحی پروگراموں کے فوائد مستحقین تک پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ متعلقہ محکموں کے افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے ان سیکٹروں میں موصول ہوئیں شکایات اور دیگر معاملات کا جلد از جلد نپٹارہ کرنے کی ہدایت دی۔ اس دوران کمشنر موصوف نے ایک علیحدہ میٹنگ میں ضلعے میں موسم سرما کی آمد کے پیش نظر انتظامی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

کرکٹ

بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پانچ ٹی **20** میچوں کی جاری سیریز کا چوتھا میچ آج کھیلا جارہا ہے۔ یہ میچ شام **7** بجے حیدرآباد میں کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ اب تک کھیلے گئے **3** میچوں میں سے بھارت نے **2** میچ جیت کر سیریز میں **2** ایک کی سبقت حاصل کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **10** اعشاریہ **5** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18** اعشاریہ **4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔